## 11493 ـ اسے مسلسل نکسیر آتی ہے اور دوران نماز صاف کرتا رہتا ہے

**سوال**

میں ایك بیماری میں مبتلا ہوں جس کی بنا پر گرمیوں میں ناك سے خون بہتا رہتا ہے، تو کیا نماز کی حالت میں میرے لیے رومال وغیرہ سے ناك صاف کرنا جائز ہے؟
اگر میں صاف نہ کروں تو ناك سے بہنے والا مادہ جائے نماز یا مسجد یا میرے لباس پر گرے گا اور لوگ اسے دیکھ کر اذیت محسوس کرینگے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

آپ کو چاہیے کہ یہ مادہ مسجد کی چٹائی وغیرہ پر نہ گرنے دیں، اور اگر آپ اپنے ناك پر کپڑا یا رومال وغیرہ رکھ لیں تا کہ لوگ اذیت محسوس نہ کریں یا پھر آپ اسے صاف کرنے کا خیال رکھیں.

اللہ تعالی آپ کو جلد شفایابی سے نوازے .